سوال

(208) میں نے حج مرد کا احرام باندھا تھا اور میرا گروپ مدینہ منورہ۔۔۔۔۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں ایک گروپ کے ساتھ حج کے لئے آیا ہوں، میں نے حج مفرد کا احرام باندھا تھا اور اب میرا گروپ مدینہ منورہ جانا چاہتا ہے تو کیا مجھے یہ اجازت ہے کہ گروپ کے ساتھ مدینہ منورہ چلا جاوں اور چند دنوں کے بعد عمرہ ادا کرنے کے لئے مکہ مکرمہ واپس لوٹ آوں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص ایک جماعت کے ساتھ مل کر حج کرے اور اس نے حج مفرد کا احرام باندھ رکھا ہو اور پھر وہ ان کے ساتھ زیارت کے لئے سفر کرنا چاہیئے کہ اپنے احرام کو عمرہ کے لئے کردے، طواف کرے، سعی کرے، بالوں کو منڈوائے اور حلال ہوجائے اور پھر جب وقت آئے تو حج کے لئے احرام باندھے، اس طرح اس کا حج تمتع ہوجائے گا اور اسے حج تمتع کی ہدی دینا ہوگی جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا تھا، جن کے پاس ہدی نہیں تھی۔

[مقالات وفتاویٰ ابن باز]

صفحہ 297

محدث فتویٰ